NYC HEALTH + HOSPITALS

ہم ہیں یہاں آپ کے لیے۔

خیال رکھتے ہوئے

کیا میرے ڈاکٹر کا آفس کھلا ہے؟

جی ہاں۔ NYC Health + Hospitals اب شخصی اور ٹیلی وزٹ فون یا ویڈیو کے ذریعے کھلے ہیں۔

شخصی وزٹ کے لیے ہر چیز کی ضرورت نہیں ہے۔ گھر سے فون یا ویڈیو وزٹ کا انتخاب کرنے کے لیے اپنی کئیر ٹیم سے بات کریں۔

کیا میرے پرواِئڈر سے ذاتی ملاقات محفوظ ہے؟

جی ہاں۔ آپکا تحفظ کبھی بھی اب سے زیادہ اہم نہیں رہا، اور ہم یہ یقین دہانی کرنے کے لیے کہ ہمارے مریض اور سٹاف محفوظ ہیں پوری احتیاط کر رہے ہیں۔

- اداروں میں تمام مریضوں، ملاقاتیوں اور عملے کا درجہ حرارت ناپا جائے گا۔
- مریضوں کو COVID-19 کی علامتوں کے لیے ان کی وزٹ سے پہلے اور ملاقات کے دن سکرین کیا جائے گا
- چہرے کو ڈھانپنا سارے مریضوں، ملاقاتیوں اور سٹاف کے لیے لازم ہے
- کچھ جگہوں پر بزرگوں اور کمزور مریضوں کے لیے خصوصی کلینک کے اوقات دستیاب ہیں
- محفوظ سماجی دوری رکھنے کے لیے جگہوں پر واضح نشان لگائے جائیں گے
- معائنے والے کمروں کو،خصوصی طور پر مریضوں کی ملاقات کے اوقات میں، اکثر صاف کیا جائے گا
- تمام عام جگہیں پورا دن صاف اور سینیٹائزڈ کی جائیں گی
- ہر مریض ایک صحت کا مددگار بوقت ضرورت ساتھ لا سکتا ہے

کیا میرے بچوں کے لیے کلینک کی وزٹ محفو ظ ہے؟

جی ہاں۔ یہ خصوصی طور پر بہت اہم ہے کہ آپ کے بچہ سے اپنی صحت کے لیے ملاقات یا کوئی ویکسینیشن چھوٹنے نہ پائے۔ کوئی بھی بچہ ضروری دیکھ بھال کے بغیر نہیں رہنا چاہیے۔

یہ یقینی بنائیں کہ آپ اور آپ کا بچہ اگر وہ دو سال یا اس سے بڑا ہے تو ملاقات کے وقت ماسک پہنے۔ اگر آپ کے پاس ماسک نہیں ہے تو ہم مہیا کریں گے۔

میں اس ملاقات کا کیسے دوبارہ شیڈول لے سکتا ہوں جو کینسل ہو گئی تھی؟

ملاقات کے لیے وقت کا تعین دوبارہ لینے کے لیے آپ (1-844-692-4692) 1-844-NYC-4NYC پر کال کر سکتے ہیں۔ اگر آپ سے تدارکی سکریننگ یا کسی دیرینہ بیماری جیسے ذیابیطس یا ہائپر ٹینشن کی ملاقات چھوٹ گئی ہے، یہ بہت اہم ہے کہ اپنے پروائڈر سے ملاقات کا وقت دوبارہ متعین کریں۔ دیر نہ کریں۔

میرے پاس ڈاکٹر نہیں ہے، کیا آپ نئے مریض دیکھ رہے ہیں؟

جی ہاں، ہم نئے مریضوں کو دیکھ رہے ہیں۔ اگر آپ کو ڈاکٹر کی ضروت ہے تو (1-844-692-4692) 1-844-NYC-4NYC کال کر کے پہلی ملاقات کا شیڈول لے لیں۔

میرے بنیادی ڈاکٹر کا دفتر بند ہے۔ کیا میں آپ سے ملاقات کاشیڈول طے کر سکتا ہوں؟

جی ہاں۔ ہم یہاں پر سب نیو یارکرز کے لیے موجود ہیں۔ اگر آپ پہلے کبھی NYC Health + Hospitals نہیں آئے، تو (1-844-692-4692) 1-844-NYC-4NYC پر کال کر کے اپنی پہلی ملاقات کا شیڈول طے کرلیں یا قریبی جگہ تلاش کر لیں۔

کئیر کی ادائیگی

میں لاگت کے بارے میں پریشان ہوں۔

لاگت کو آپ کو ڈاکٹر سے ملنے سے روکنا نہیں چاہیے۔ تمام نیویارکرز کے لیے ہمارے پاس کم لاگت اور مفت ہیلتھ کئیر کوریج دستیاب ہے۔

میری انشورنس کوریج ختم ہو گئی ہے۔

ہم اس سلسلے میں آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔ ہمارے معاشی کونسلر آپ کو انشورنس پلان جو آپ اور آپ کے خاندان کے لیے ٹھیک ہو تلاش کرنے میں مدد کر سکتے ہیں۔ 1-646-694-3131 پر فون کر کے کسی سے آج ہی بات کریں۔

اگر آپ انشورنس کے اہل نہیں ہیں یا انشورنس کا خرچ برداشت نہیں کر سکتے NYC Care یہاں آپ کے لیے موجود ہے۔ مزید جاننے کے لیے کال کریں 1-646-NYC-CARE (1-646-692-2273)۔

COVID-19

میرا خیال ہے مجھے COVID-19 ہے، کیا مجھے ملاقات کے لیے شیڈول لینا چاہیے؟

اگر آپ میں COVID-19 کی علامات ہیں، MyChart کے ذریعے آپنے پروائڈر سے رابطہ کریں، یا ٹیلی ملاقات کے لیے شیڈول لیں۔

آپ کا ڈاکٹر آپ کو گھر میں محفوظ علیحدگی کے لیے، ExpressCare یا ایمرجنسی روم جانے کے لیے کہہ سکتا ہے جس کا انحصار آپ کی علامات پر ہے۔ اگر آپ کے پاس کہیں جانے کے لیے جگہ نہیں ہے، آپ مفت ہوٹل روم کے اہل ہیں۔

تمام نیویارکرز کو COVID-19 تشخیصی ٹیسٹ کروانا چاہیے، خواہ ان میں علامات ہوں یا نہ، یا ان کو زیادہ خطرہ ہو۔ ٹیسٹ تیز، محفوظ اور مفت ہیں۔ اپنے قریب ٹیسٹنگ کی جگہ کے لیے کال کریں 1-844-NYC-4NYC (1-844-692-4692).

اگر میں COVID-19 کی علامات محسوس کر رہا ہوں، یا میرا درجہ حرارت 100.4 ہے تو کیا مجھے ملاقات کے لیے جانا چاہیے؟

اگر آپ COVID-19 کی علامات محسوس کر رہے ہیں تو (1-844-692-4692) 1-844-NYC-4NYC پر کال کر کے ملاقات کےآپشز بارے بات کر سکتے ہیں۔

میرا COVID-19 کا ٹیسٹ پازیٹو ہے، کیا مجھے ملاقات کے لیے جانا چاہیے؟

اگر آپ کو COVID-19 ہے تو محفوظ طریقے سے کم از کم 10 دن کے لیے علیحدہ ہو جانا چاہیے اور آخری تین دن میں بخار کی ادویات جیسے ایسٹامینوفین (Tylenol) یا آئبیرفین (Motrin, Advil) کے بغیر رہنا چاہیے۔ اگر آپ کے پاس کہیں جانے کے لیے جگہ نہیں ہے، آپ مفت ہوٹل روم کے اہل ہیں۔

اگر آپ COVID-19 کی بیمار سے صحتیاب ہو گئے ہیں، آپ محفوظ انداز میں اپنی کلینک کی ملاقات کے لیے جاسکتے ہیں۔

اپائنٹمنٹ کے لئے کال کریں

1-844-NYC-4NYC (1-844-692-4692)

رابطے میں رہیں۔ ہمیں فالو کریں۔

nychealthandhospitals.org

NYC HEALTH+ HOSPITALS

صحت سے بھر پور زندگی جیئیں۔